یا

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔

چاک کرنے کے لیے اے ناصح
ہم گریبان سیا کرتے ہیں

زندگی زندہ دلی کا ہے نام
مردہ دل خاک جیا کرتے ہیں

سنگِ اسود بھی ہے بھاری پتھر
لوگ جو چوم لیا کرتے ہیں

ساغرِ چشم سے ہم بادہ پرست
مئے دیدار پیا کرتے ہیں

شاد ہیں باغ فنا میں کب گل
اپنی ہستی پہ ہنسا کرتے ہیں



No. of Printed Pages : 11 **BUDAE-181**

# B. A. Hons. (Urdu)

# (BAUDH)

## Term-End Examination

## December, 2025

## BUDAE-181 : Classical Urdu Ghazal Ka Mutala

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔سبھی حصوں سے تمام سوالوں کے جواب لکھنا لازمی ہیں۔ اور سبھی سوالوں کے نمبر سامنے درج ہیں۔

(حصہ الف)

۱۔ مصحفی کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھیے۔ ۱۰



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

۲۔ شیخ امام بخش ناسخؔ کے حالات زندگی بیان کیجئے۔ ۱۰

یا

غزل میں معنی کی تہہ داری پر اظہار خیال کیجیے۔

۳۔ خواجہ میر دردؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات قلم بند کیجیے۔ ۱۰

یا

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔

نظارہ کروں دہر کی کیا جلوہ گری کا ؟
یاں عمر کو وقفہ ہے چراغ سحری کا





تربت پہ مری برگِ گل تازہ چڑھائے
احسان ہے یہ مجھ پہ نسیم سحری کا
کیا لطف مقام ان کو جو آمادۂ رہ ہیں
دل کوچ میں رہتا ہے ہمیشہ سفری کا
بندہ ہے ترا مصحفیؔ خستہ کو یا رب
محتاج طبیبوں کی نہ کر چارہ گری کا

(حصہ ب)

۴۔ درج ذیل اشعار کی تشریح مع حوالہ کیجئے۔ ۱۵

آئینہ رو کے شوق میں حیراں ہوا ہوں میں
زلفوں کوں اس کی دیکھ پریشاں ہوا ہوں میں



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

ہے خونِ دل شراب مجھے اور گزک جگر
جب سوں پرت کی بزم میں ہماں ہوا ہوں میں
آب حیات وصل میں دے عمر جاوداں
خنجر سے تجھ فراق کے بے جاں ہوا ہوں میں
سینے کے داغ کس کوں دکھاؤں میں کھول کر
دل کے لبوں میں ڈوب کے غلکاں ہوا ہوں میں
مدت سوں تھا زیارت کعبہ کا مجھ کوں ذوق
تیری بھواں کو دیکھ کے قرباں ہوا ہوں میں
بیتاب ہو کے یوسف ثانی کی یاد میں
کہتا ہے دل پکار کے کنعان ہوا ہوں میں





اس مست نیم خواب کی آنکھوں کوں دیکھ کر
مجلس میں غم کی، شوق سیں گرداں ہوا ہوں میں
اس ماہ روکوں دیکھ کے جیوں شمع، اے سراج !
اپنے عرق کے شرم میں پنہاں ہوا ہوں میں

یا

آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہونے تک
کون جیتا ہے، تری زلف کے سر ہونے تک
دامِ ہر موج میں ہے حلقۂ صد کام نہنگ
دیکھیں کیا گزرے ہے قطرہ پہ گہر ہونے تک
عاشقی صبر طلب اور تمنا بے تاب
دل کا کیا رنگ کروں خون جگر ہونے تک



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کروگے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

پَر توِ خور سے شبنم کو فنا کی تعلیم
میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہونے تک

یک نظر بیش نہیں فرصتِ ہستی، غافل !
گرمیِ بزم ہے، اک رقصِ شرر ہونے تک

غمِ ہستی کا، اسدؔ ! کس سے ہو جز مرگِ علاج
شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہونے تک

۵۔ درج ذیل اشعار کی تشریح مع حوالہ کیجیے۔ ۱۵

پتا پتا، بوٹا بوٹا، حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے، گل ہی نہ جانے، باغ تو سارا جانے ہے





عاشق سا تو سادہ کوئی اور نہ ہوگا دنیا میں
جی کے زیاں کو عشق میں اس کے، اپنا وارا جانے ہے

چارہ گری بیماری دل کی، رسم شہر حسن نہیں
ورنہ دلبر ناداں بھی، اس درد کا چارا جانے ہے

مہر و وفا و لطف و عنایت، ایک سے واقف ان میں نہیں
اور تو سب کچھ طنز و کنایہ، رمز و اشارا جانے ہے

عاشق تو مردہ ہے ہمیشہ دیکھے سے جی اٹھتا ہے
یار کے آجانے کو یکایک، عمر دوبارا جانے ہے

کیا کیا فتنے ؟ سر پر اس کے، لاتا ہے معشوق اپنا
جس بے دل، بے تاب وتواں کو عشق کا مارا جانے ہے

تشنۂ خوں ہے اپنا کتنا ؟ میرؔ بھی ناداں تلخی کش
دم دار آبِ تیغ کو اس نے، آب گوارا جانے ہے



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

یا

تہمت چند اپنے ذمے دھر چلے
جس لیے ہم آئے تھے، سو کر چلے

زندگی ہے، یا کوئی طوفان ہے؟
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

کیا ہمیں کام ان گلوں سے اے صبا !
ایک دم آئے ادھر، اودھر چلے

شمع کی مانند ہم اس بزم میں
چشم تر آئے تھے، دامن تر چلے

ڈھونڈتے ہیں آپ سے اس کو پرے
شیخ صاحب، چھوڑ گھر باہر چلے





ساقیا! یاں لگ رہا ہے چل چلاؤ
جب تلک بس چل سکے ساغر چلے

دردؔ! کچھ معلوم ہے ؟ یہ لوگ سب
کس طرف سے آئے تھے، کیدھر چلے

(حصہ ج)

۶۔ میر تقی میرؔ کے حالاتِ زندگی اور غزل گوئی پر تفصیلی مضمون تحریر کیجیے۔ ۲۰

یا

اردو غزل کے فن اور موضوعات پر مفصل اظہار خیال کیجیے ۔



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

۷۔ اردو غزل کے تہذیبی، سیاسی، سماجی اور اقتصادی پس نظر سے بحث کیجیے۔ ۲۰

یا

اردو غزل کے آغاز و ارتقا پر تفصیلی اظہار خیال کیجیے۔

××××××



Downloaded from www.IGNOUBABA.com